© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ

محمد زکی کیفی

جہانِ فکر و نظر لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہُ
متاعِ اہلِ خبر لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہُ

یہ ذکرِ حق کی متاعِ عزیز کیا شے ہے؟
نہیں کسی کو خبر لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہُ

زہے نصیب! یہ دولت اگر مجھے مل جائے
ہو لب پہ شام و سحر لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہُ

نجوم و شمس و قمر بھی فریب دے نہ سکے
خلیل علیہ السلام کی ہے نظر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

کہیں بھی بحرِ معاصی میں غرق ہو جاتے
نہ ہوتا ساتھ اگر لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہُ

ہر ایک ذرہ ہے مصروفِ یادِ حق کیفی
وہ برگ ہو کہ شجر لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

(انتخاب: ابو محمد بشکریہ از: کیفیات)

© rasailojaraid.com